**SET-2**

**Series SGN**

کوڈ نمبر **Code No. 264/2**

Roll No. | | | | | | | |

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

- آپ جانچ لیجیے کہ اس پرچہ میں چھپے صفحات کی تعداد 24 ہے۔
- پرچہ کے داہنی طرف چھپا کوڈ نمبر طالب علم کو اپنی جواب کاپی کے اُوپر صفحہ پر لکھنا ہوگا۔
- آپ دیکھ لیجیے کہ پرچہ میں چھپے سوالات کی تعداد 23 ہے۔
- **کسی بھی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا سیریل نمبر ضرور جواب کاپی میں لکھیں۔**
- سوال کا پرچہ پڑھنے کے لیے 15. منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوال کے پرچہ کو صبح۔10.15 منٹ پر تقسیم کیا جائے گا۔10.15 سے10.30 منٹ تک طلباء صرف پرچہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران وہ جواب کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

- Please check that this question paper contains **24** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **23** questions.
- **Please write down the Serial Number of the question before attempting it.**
- 15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

# اکاؤنٹینسی (کھاتہ داری)

# ACCOUNTANCY

## (Urdu Version)

وقت :۳ گھنٹے | کل نمبر:۸۰

*Time allowed : 3 hours* | *Maximum Marks : 80*

**عام ہدایات :**

(i) اِس پرچہ کے دو حصّے **A** اور **B** ہیں ۔

(ii) حصّہ **A** سبھی طلبا کے لئے لازمی ہے۔

(iii) حصہ **B** کے دو آپشن ہیں مالیاتی بیان کا تجزیہ اور کمپیوٹر کھاتہ داری۔

(iv) حصّہ **B** سے صرف ایک ہی آپشن کے سوالات کے جواب لکھیے۔

(v) کسی ایک سوال کے سبھی حصّوں کے جواب ساتھ ساتھ لکھیے۔

## حصّہ۔A

**( ساجھے دار فرم اور کمپنیوں کے لیے کھاتہ داری )**

**1۔** نیتو، میتو، اور ٹیٹو ایک فرم کے ساجھے دار تھے۔ 1/جنوری 2018 کو میتو نے چھٹی لی۔ میتو کے سبک دوش ہونے پر کمپنی کی ساکھ کا تعین ₹4,20,000 پر کیا گیا۔

میتو کے سبک دوش ہونے پر فرم کی ساکھ کے اندراج کے لیے ضروری روزنامچہ بھریے۔ *1*

**2۔** امیت اور بینا ایک فرم کے ساجھے دار تھے اور وہ نفع اور نقصان 1 : 3 کے تناسب میں تقسیم کرتے تھے۔ اُنھوں نے منافع کے $\frac{1}{6}$ حصّے کے لیے چمن کو نیا ساجھے دار بنایا۔ چمن نے اپنے حصّے کا $\frac{2}{5}$ حصّہ امیت سے حاصل کیا۔

بتائیے کہ چمن نے بینا سے کتنا حصّہ حاصل کیا۔ *1*

**3.** کیا ُزرِ روبا محفوظ سرمایہٗ Unsubscribed یا Uncalled کا حصّہ ہے ؟ *1*

**4.** کولیٹرل سکیورٹی کے طور پر جاری کیے گئے ڈبنچرز کا مطلب بتائیے۔ *1*

**5.** اثاثوں اور دین داریوں کے تصفیے کی بنیاد پر ساجھے داری کے تحلیل اور ساجھے داری فرم میں امتیاز کیجیے۔ *1*

**6.** رتیش اور ہتیش بچپن کے دوست ہیں۔ رتیش صلاح کار ہے جبکہ ہتیش آرکیٹکٹ ہے۔ دونوں نے برابر کی رقم دے کر ایک عمارت ₹ 2 کروڑ روپیے میں خریدی۔ ایک سال بعد اُنہوں نے وہ عمارت ₹ 3 کروڑ میں بیچ دی اور منافع کو برابر تقسیم کرلیا۔ کیا وہ ساجھے داری میں کاروبار کر رہے ہیں۔

اپنے جواب کی تائید میں دلیل دیجیے۔ *1*

**7.** ُحصّہ' کا کیا مطلب ہے؟ ُپریفرنس شیئر' اور ُ اکوٹی شیئر' میں کوئی دو فرق بتائیے۔ *3*

**8.** جینت ، کارتک اور لِینا ایک فرم کے ساجھے دار تھے۔ وہ 3 : 2 : 5 کے تناسب میں نفع نقصان کی تقسیم کرتے تھے۔ کارتک فوت ہو گیا اور جینت اور لِینا نے کاروبار کو جاری رکھنے کا فیصلہ کیا اور اُن کے نفع کا تناسب 3 : 2 تھا۔

جینت اور لِینا کے نئے منافع کے لیے تناسب کا حساب لگائیے۔ *3*

**9۔** وی۔ کے۔ لمٹیڈ کی کتابوں میں مندرجہ ذیل خالی چھوڑے جانے والے جرنل اندراجات مکمل کیجیے: 3

## وی۔ کے۔ لمٹیڈ

## روزنامچہ

| تاریخ | تفصیل | L.F. | خرچ کھاتہ ₹ | جمع کھاتہ ₹ |
|---|---|---|---|---|
| 2018 | ............................. نام | | .......... | |
| 01 فروری | ................................. | | | .......... |
| | (خود کے 500 بحساب ₹100 فی کے 9% ڈبنچر کی خریداری ₹97 فی ڈبنچر فوراً منسوخی کے لیے کی گئی) | | | |
| 01 فروری | ............................. نام | | .......... | |
| | ................................. | | | .......... |
| | ................................. | | | .......... |
| | (خود کے ڈی بنچرز کو منسوخ کیا گیا) | | | |
| .......... | ............................. نام | | .......... | |
| | ................................. | | | .......... |
| | (.................................) | | | |

**10۔** این۔ کے لمٹیڈ ٹرک بنانے والی کمپنی ہے جس کا رجسٹریشن ₹1,00,00,000 کے

مجاز یافتہ سرمائے سے ہوا، جو ₹100 کے اکوٹی شیئرز میں منقسم ہے۔ کمپنی کا

Paid up capital ۔ ₹50,00,000 ہے۔ کمپنی نے راجستھان کے جھالاواڑ

ضلع میں خصوصی صلاحیتوں والے بچوں کو تربیت دینے کے لیے تکنیکی اسکول کھولنے کا فیصلہ کیا۔ وہ

اُنھیں اپنے مختلف مینوفیکچرنگ اکائیوں اور آس پاس کے علاقے کی صنعتوں میں روزگار دستیاب

کرانے کا منصوبہ بنا رہی ہے۔

اس منصوبے کی سرمائے کی ضروریات پوری کرنے کے لیے کمپنی نے عوام کو 20,000

شیئرز کی پیشکش کی۔ سبھی شیئرز پوری طرح Subscription اور ادائیگی شدہ تھے۔

کمپنی ایکٹ 2013 کے شیڈول III کے ضابطوں کے تحت کمپنی کی شیئر کیپٹل بیلنس شیٹ پیش

کیجیے۔

ایسی دو قدروں کی بھی شناخت کیجیے جس کا اظہار کمپنی کرنا چاہتی ہے۔ 3

**11.** آشااوراَدِتی ایک فرم میں ساجھے دار ہیں اور وہ 2 : 3 تناسب میں منافع اور نقصان کو تقسیم کرتے ہیں۔ اُنھوں نے راگھو کو فرم کے منافعوں میں $\frac{1}{4}$ حصّے کے لیے شامل کیا۔ راگھو اپنے سرمائے کی شکل میں ₹6,00,000 اور اپنے حصّے کی ساکھ نقد لایا۔ فرم کی ساکھ کا تعین قدر پچھلے چار سال کے اوسط منافع کے دو سال کی فروخت کی بنیاد پر کیا گیا۔

ایک فرم کا پچھلے چار سالوں کا منافع مندرجہ ذیل تھا :

| سال | منافع (₹) |
|---|---|
| 2013 – 14 | 3,50,000 |
| 2014 – 15 | 4,75,000 |
| 2015 – 16 | 6,70,000 |
| 2016 – 17 | 7,45,000 |

ذیل میں اضافی معلومات دی گئی ہے :

(i) تعین قدر کے لیے ₹56,250 انتظامیہ لاگت کے سالانہ قرض کو بھی شامل کیا جانا ہے۔

(ii) 31 مارچ، 2017 کو ختم ہوئے سال کا آخری اسٹاک ₹15,000 زیادہ متعین کیا گیا۔

دفتری ریمارکس کو واضح طور پر ظاہر کرتے ہوئے، راگھو کی شمولیت پر ضروری روزنامچہ کے اندراج دکھائیے ۔ 4

**12۔** بنواری، گِردھاری اور مراری ایک فرم کے ساجھے دار ہیں اور وہ 6 : 5 : 4 کے تناسب میں منافع اور نقصان کو تقسیم کرتے ہیں۔ 31 مارچ 2014 کو گردھاری سبکدوش ہو گیا۔ اس تاریخ کو بنواری، گردھاری اور مراری کا سرمایہ تمام ضروری ایڈجسمنٹ سے پہلے بالترتیب ₹2,00,000 ، ₹1,00,000 اور ₹50,000 تھا۔ گردھاری کے سبکدوش ہونے پر فرم کی ساکھ کی قدر ₹1,14,000 مقرر کی گئی۔ اثاثوں اور دین داریوں کے دوبارہ تعین قدر کے نتیجے میں ₹6,000 کا منافع تھا۔ فرم کی کتابوں میں جنرل رزرو ₹30,000 کا تھا۔

گردھاری کو قابلِ ادائیگی رقم اُس کے قرض کھاتے میں منتقل کر دی گئی۔ بنواری اور مراری، گردھاری کو ₹75,000 کی دو سالانہ قسطوں میں جس میں 10% سالانہ سود شامل ہوگا اور باقی رقم کی ادائیگی مع سود تیسرے سال کرنے پر متفق ہوئے۔ فرم ہر سال اپنی کتابیں 31 مارچ کو بند کرتی ہے۔

Working notes کوواضح طور پر ظاہر کرتے ہوئے گردھاری کا قرض کھاتہ پوری طرح ادا ہوجانے تک تیار کیجیے۔ 4

**13۔** 1/اپریل 2014 کو کے۔کے لمیٹڈ نے ₹1,000 کی قیمت کے 5,000 ، 10% ڈبنچروں کو 6% کی رعایت کے ساتھ جاری کرنے کے لیے درخواستیں طلب کیں۔ان ڈبنچرز کی بازادائیگی تین سال بعد کے 10% کے پریمیم پر ہونی تھی۔ 6,000 ڈبنچرز کے لیے درخواستیں موصول ہوئیں۔سبھی ڈبنچرز کو درخواستوں کے تناسب کی بنیاد پر الاٹ کر دیا گیا۔درخواست کے وقت موصول زائد رقم واپس کر دی گئی۔

31.3.2016 کو ڈائرکٹروں نے کمترین رقم کو ڈبنچر رِی ڈیمشن رزرو میں منتقل کرنے کا فیصلہ کیا۔ 1.4.2016 کو کمپنی نے نے کمپنی ایکٹ 2013 کے ضابطوں کے تحت لازمی رقم کو 9% پر بینک فکسڈ ڈپازٹ میں لگادیا۔بینک نے اصل رقم پر 10% سالانہ کے حساب سے ٹیکس کاٹا۔

ڈبنچروں کے اجراء اور ری ڈمشن کے لیے ضروری روزنامچہ اندراجات پاس کیجیے۔ڈبنچروں کے اجرا پر ہوئے نقصان کو قلم زد کرنے سے متعلق اندراجات اور ڈبنچروں پر ادا کیے گئے سُود کو نظر انداز کردیں۔ 6

14۔ پرنو، کرن اور رحیم ایک فرم کے ساجھے دار تھے اور 1 : 2 : 2 کے تناسب میں نفع نقصان تقسیم کرتے تھے۔ 31 /مارچ, 2017 کو اُن کی بیلنس شیٹ حسبِ ذیل تھی :

**31.3.2017 کو پرنو، کرن اور رحیم کی بیلنس شیٹ**

| دین داریاں | | رقم ₹ | اثاثے | رقم ₹ |
|---|---|---|---|---|
| لین دار | | 3,00,000 | قائم اثاثے | 4,50,000 |
| عام وسائل | | 1,50,000 | اسٹاک | 1,50,000 |
| سرمایہ : | | | قرض داران | 2,00,000 |
| پرنو | 2,00,000 | | بینک | 1,50,000 |
| کرن | 2,00,000 | | | |
| رحیم | 1,00,000 | 5,00,000 | | |
| | | 9,50,000 | | 9,50,000 |

کرن 12.6.2017 کو فوت ہو گیا۔ شراکت داری معاہدے کے مطابق فوت شدہ شراکت دار کے قانونی نمائندگان مندرجہ ذیل کے مستحق تھے :

(i) اُس کے سرمایہ کھاتہ کا باقی۔

(ii) سرمائے پر سود 12% سالانہ۔

(iii) ساکھ میں حصّہ۔ کرن کی موت کے وقت فرم کی ساکھ کا تعین ₹60,000 کیا گیا۔

(iv) اُس کی موت کی تاریخ تک فرم کے منافع میں اُس کا حصّہ جس کا حساب پچھلے سال کے منافع کی بنیاد پر کیا جائے گا۔ 31.3.2017 کو ختم ہونے والے سال میں فرم کا منافع ₹5,00,000 تھا۔

کرن کا سرمایہ کھاتہ اُس کے نمائندوں کو پیش کرنے کے لیے تیار کیجیے۔ 6

**15.** چندر اور دامنی ایک فرم کے ساجھے دار تھے اور وہ نفع نقصان کو برابر تقسیم کرتے تھے۔ 31 مارچ 2017 کو اُن کی بیلنس شیٹ حسب ذیل تھی :

**31.3.2017 کو چندر اور دامنی کی بیلنس شیٹ**

| دین داریاں | | رقم ₹ | اثاثے | رقم ₹ |
|---|---|---|---|---|
| مختلف قرض خواہان | | 1,04,000 | نقد بینک میں | 30,000 |
| سرمایہ: | | | قابلِ وصولیابی بِل | 45,000 |
| چندر | 2,50,000 | | قرض داران | 75,000 |
| دامنی | 2,16,000 | 4,66,000 | فرنیچر | 1,10,000 |
| | | | آراضی و عمارت | 3,10,000 |
| | | 5,70,000 | | 5,70,000 |

1.4.2017 کو اُنھوں نے منافع کے $\frac{1}{3}$ حصّے کے لیے ایلینا کو مندرجہ ذیل شرائط پر نیا ساجھے دار بنایا :

(i) ایلینا اپنے سرمائے کے لیے ₹3,00,000 اور گُڈ وِل پریمیم کے اپنے حصّے کے لیے ₹50,000 لائے گی، جس کے آدھے کا چندرا اور دامنی واپس لے لیں گے۔

(ii) ₹5,000 کے دین داروں کا اندراج نہیں ہوا تھا۔

(iii) فرنیچر میں 10% کی کمی کی جائے گی اور ناقص بلوں اور دین داروں پر مشکوک اور ڈوبے قرضوں کے لیے 5% کی گنجائش رکھی جائے گی۔

(iv) آراضی اور عمارت کی قیمت میں 20% کا اضافہ کیا جائے گا۔

(v) فرم کے خلاف تلافی نقصان کا ایک دعویٰ تھا، اُس کے لیے ₹8,000 کی ایک دین داری کی مد بنائی جائے گی۔

رِی ویلوایشن اکاؤنٹ اور ساجھے داروں کے کیپٹل اکاؤنٹ تیار کیجیے۔ 6

**16۔** ایکس لمٹیڈ نے ₹10 کی قیمت کے 50,000 اکوٹی شیئر کے اجرا کے لیے درخواستیں طلب کیں۔ رقم کی ادائیگی مندرجہ ذیل طریقے سے کرنی تھی :

| | | |
|---|---|---|
| درخواست دیتے وقت | : | ₹2 فی اکوٹی شیئر |
| الاٹمنٹ پر | : | ₹2 فی اکوٹی شیئر |
| پہلی اطلاع پر | : | ₹3 فی اکوٹی شیئر |
| دوسری اور آخری اطلاع پر | : | باقی رقم |

70,000 شیئرز کے لیے درخواستیں موصول ہوئی تھیں۔ 10,000 شیئرز کے لیے درخواستوں کو منسوخ کر دیا گیا اور درخواست کی رقم واپس کر دی گئی۔

باقی درخواست گزاروں کو تناسب کی بنیاد پر شیئرز الاٹ کر دیے گئے اور درخواستوں کے ساتھ وصول زائد رقم کو الاٹمنٹ اور اطلاع پر قابلِ ادائیگی رقم میں تبدیل کر دیا گیا۔

گوپال، جس نے 600 شیئرز کے لیے درخواست دی تھی نے اپنی پوری رقم درخواست کے ہمراہ ادا کر دی تھی۔ گھوش، جس نے 6,000 شیئرز کے لیے درخواست دی تھی، درخواست کی رقم کی ادائیگی میں ناکام رہا اور اس کے شیئرز فوراً سوخت ہو گئے۔ سوخت ہو جانے والے ان شیئرز کو ₹20,000 میں سلطان کو ₹4 فی شیئرز دوبارہ الاٹ کر دیے گئے۔ پہلی اطلاع اور دوسری اطلاع اور آخری اطلاع کی رقم طلب کی گئی اور وہ موصول ہوئی۔

ایکس۔ لمٹیڈ کی کتابوں میں مندرجہ بالا لین دین کے لیے ضروری روزنامچہ اندراج تیار کیجیے۔ جہاں ضروری ہو Calls-in-Advance کھاتہ اور Calls-in-Arrears کھاتہ کھولیے۔ 8

یا

اُے لمٹید نے ₹10 فی شیئرز کے حساب سے 1,00,000 شیئرز کو ₹1 فی شیئرز کے پریمیم پر جاری کرنے کے لیے درخواستیں طلب کیں۔ رقم کی ادئیگی مندرجہ ذیل طریقے سے ہونی تھی :

| | | |
|---|---|---|
| درخواست کے وقت | : | ₹3 فی شیئرز |
| الاٹمنٹ پر | : | ₹3 فی شیئرز (پریمیم کے ساتھ) |
| پہلی اطلاع پر | : | ₹3 فی شیئرز |
| دوسری اور آخری اطلاع پر | : | باقی رقم |

1,60,000 شیئرز کے لیے درخواستیں موصول ہوئیں۔ الاٹمنٹ مندرجہ ذیل بنیاد پر کیا گیا :

(i) 90,000 شیئرز کی درخواستیں کرنے والوں کو : 40,000 شیئرز

(ii) 50,000 شیئرز کی درخواستیں کرنے والوں کو : 40,000 شیئرز

(iii) 20,000 شیئرز کی درخواستیں کرنے والوں کو : پورے شیئرز

درخواست پر موصول زائد رقم کی بھرپائی الاٹمنٹ اور اطلاع پر قابلِ ادائیگی رقم میں کی جائے گی۔

ایک حصص دار رُشبھ، جس نے 1,500 شیئرز کے لیے درخواست دی تھی جس کا تعلق زُمرہ (ii) سے تھا، نے الاٹمنٹ، اور پہلی اور دوسری اور آخری اطلاع پر واجب رقم کی ادائیگی نہیں کی۔

ایک اور حصص دار سُدھا، جس نے 1,800 شیئرز کے لیے درخواست دی تھی اور جس کا تعلق زُمرہ (i) سے تھا، نے پہلی اور دوسری اور آخری اطلاع پر واجب رقم ادا نہیں کی۔

رِشبھ اور سُدھا کے سبھی شیئرز کو منسوخ کر دیا گیا اور بعد میں اُنھیں 7 ₹ فی شیئرز fully paid کے طور پر دوبارہ دیا گیا۔

اُے لمٹیڈ کی کتابوں میں ضروری روزنامچہ اندراجات کیجیے۔ جہاں ضروری ہو Calls-in-Arrears اور Calls-in-Advance کھاتہ کھولیے۔

8

17۔ سرجن، رمن اور منن ایک فرم کے ساجھے دار تھے اور نفع، نقصان 1 : 2 : 2 کے تناسب میں بانٹتے تھے۔ 31/ مارچ 2017 کو اُن کی بیلنس شیٹ حسب ذیل تھی :

**31.3.2017 کو سرجن، رمن اور منن کی بیلنس شیٹ**

| دین داریاں | | رقم ₹ | اثاثے | رقم ₹ |
|---|---|---|---|---|
| سرمایہ: | | | سرمایہ : منن | 10,000 |
| سرجن | 2,00,000 | | پلانٹ | 2,20,000 |
| رمن | 1,50,000 | 3,50,000 | سرمایہ کاری | 70,000 |
| قرض خواہان | | 75,000 | اسٹاک | 50,000 |
| قابل ادائیگی بِل | | 40,000 | قرض دار | 60,000 |
| واجب الادا تنخواہیں | | 35,000 | بینک | 10,000 |
| | | | نفع نقصان کھاتہ | 80,000 |
| | | 5,00,000 | | 5,00,000 |

مندرجہ بالا تاریخ کو اُنھوں نے فرم کو تحلیل کرنے کا فیصلہ کیا۔

(i) سرجن کو اثاثوں کو وصول کرنے اور دین داریوں کا بھگتان کرنے پر مقرر کیا گیا۔ سرجن کو اثاثوں کی فروخت کا (نقد کو چھوڑ کر) 5% کمیشن ملے گا اور اُسے ہی تحلیل پر آنے والا خرچ برداشت کرنا ہوگا۔

(ii) اثاثون کی وصولی مندرجہ ذیل شکل میں کی گئی :

| | (₹) |
|---|---|
| پلانٹ | 85,000 |
| اسٹاک | 33,000 |
| دین دار | 47,000 |

(iii) سرمایہ کاریوں کی وصولی بُک ویلیو کے 95% پر کی گئی۔

(iv) فرم کو مرمت کے بِل کی ادائیگی ₹7,500 پر کی گئی جس کی مد پہلے سے فراہم نہیں کی گئی تھی۔

(v) قابل وصول بلوں کے تعلق سے بینک کے رعایت شدہ ₹15,000 کی اتفاقی دین داری کی ادائیگی کرنی پڑی۔

(vi) وصولی پر آنے والے ₹3,000 کا خرچ سرجن نے ادا کیا۔

وصولی کھاتہ، ساجھے داروں کا سرمایہ کھاتہ اور بینک کھاتہ تیار کریں۔ 8

یا

مولی، بھولا اور راج ایک فرم کے ساجھے دار تھے اور 4 : 3 : 3 کے تناسب میں نفع نقصان کو بانٹتے تھے۔ اُن کے ساجھے داری کے معاہدے میں مندرجہ ذیل شرائط تھیں :

(i) سرمایہ پر سالانہ 5% سُود۔

(ii) واپسی پر سالانہ 12% سود۔

(iii) ساجھے دار کے قرض پر سالانہ 6% سود۔

(iv) مولی کو ₹4,000 سالانہ تنخواہ؛ بھولا کو نفع نقصان کھاتہ کے ذریعے ظاہر کیے گئے خالص منافع پر 10% کمیشن اور راج کو ساجھے داری کے معاہدے میں دی گئی شرائط کی تکمیل کے بعد ₹1,50,000 کے منافع کی ضمانت۔

اُن کے قائم سرمائے تھے ، مولی : ₹5,00,000 ، بھولا ₹8,00,000 اور راج ₹4,00,000 ۔ 1 / اپریل 2016 کو بھولا نے فرم کو ₹1,00,000 کا قرض دیا۔ بھولا کے قرض پر سود لگانے سے پہلے 31 / مارچ 2017 کو ختم ہونے والے سال کے لیے فرم کا خالص منافع ₹3,06,000 تھا۔

31 / مارچ 2017 کو ختم ہونے والے سال کے لیے مولی، بھولا اور راج کا نفع نقصان سرمایہ کاری کھاتہ اور ساجھے داروں کے چالو کھاتے تیار کیجیے۔ سال میں بھولا نے ہر ماہ کے آخر میں ₹5,000 ، مولی نے ہر تین ماہ کے آخر میں ₹10,000 اور راج نے ہر چھ ماہ کے آخر میں ₹40,000 واپس لیے۔

8

# حصّہ - B

## (مالیاتی گوشواروں کا تجزیہ)

18۔ کسی مالیاتی کمپنی کو حاصل ہونے والے سُود یا ادائیگی شدہ سود' کو کیش فلو اسٹیٹمنٹ بناتے وقت کس طرح کی سرگرمی سمجھا جائے گا۔ 1

19۔ کیش فلو اسٹیٹمنٹ تیار کرنے کے بنیادی مقصد کو بیان کیجیے۔ 1

20۔ جے۔ڈبلیو، لمٹیڈ ایک کمپنی، گیزر بنا رہی ہے۔طویل مدتی توسیع کے مقصد کے تحت کمپنی نے دیہی علاقوں میں سازگار مواقع کی شناخت کا فیصلہ کیا۔ابتدائی منصوبہ ہریانہ کے بھوانی گاؤں میں نافذ کیا گیا۔ چونکہ گاؤں میں بجلی کی فراہمی پوری طرح نہیں ہوتی تھی اس لیے کمپنی نے فیصلہ کیا کہ شمسی توانائی سے چلنے والے گیزر بنائے جائیں۔مرکزی ٹیم جس میں علاقائی منیجر، اکاؤنٹنٹ اور مارکٹنگ منیجر شامل تھے، صدر دفتر سے لی گئی، اور باقی ملازمین کا انتخاب گاؤں اور اُس کے آس پاس کے علاقوں سے کیا گیا۔

مالیاتی تفصیلات کی ترتیب کے وقت اکاؤنٹینٹ بیمار ہو گیا اور کمپنی نے دو مہینے کے لیے گاؤں کے ایک عارضی جونیر اکاؤنٹینٹ کی تقرری کر لی۔

جونیر اکاؤنٹینٹ کے ذریعے تیار کی گئی بیلنس شیٹ میں مندرجہ ذیل مدوں کو اُن کے مقابلے لکھے گئے عنوانات اور ذیلی عنوانات کے تحت دکھایا گیا ہے جو کمپنی ایکٹ 2013 کے شیڈول III کے مطابق نہیں ہے۔

| *مد* | *عنوان/ذیلی عنوان* |
|---|---|
| کھلے اوزار | کاروباری Receivables |
| چیک دردست | موجودہ سرمایہ کاریاں |
| بینک سے میعادی قرض | دیگر طویل مدتی دین داریاں |
| کمپیوٹر سافٹ ویئر | مادی قائم اثاثے |

ایسی دو قدروں کی شناخت کیجیے جن کا اظہار کمپنی معاشرے کو پیش کرنا چاہتی ہے۔ اس کے ساتھ ہی مندرجہ بالا مدوں کو کمپنی ایکٹ 2013 کے شیڈول III کے مطابق درست عنوانات اور ذیلی عنوانات کے تحت پیش کیجیے۔ *4*

**21۔** مندرجہ ذیل معلومات سے کے۔جے۔لمٹیڈ کی کامن سائز بیلنس شیٹ تیار کیجیے :

4

| تفصیل | نوٹ نمبر | 31.3.2017 ₹ | 31.3.2016 ₹ |
|---|---|---|---|
| **I.** اکوٹی اور دین داریاں : | | | |
| 1. حصص داروں کی رقوم | | 8,00,000 | 4,00,000 |
| 2. نان کرنٹ دین داریاں | | 5,00,000 | 2,00,000 |
| 3. کرنٹ دین داریاں | | 3,00,000 | 2,00,000 |
| کُل | | 16,00,000 | 8,00,000 |
| **II.** اثاثے : | | | |
| 1. نان کرنٹ اثاثے | | 10,00,000 | 5,00,000 |
| 2. کرنٹ اثاثے | | 6,00,000 | 3,00,000 |
| کُل | | 16,00,000 | 8,00,000 |

22۔ کُندن لمٹیڈ کی کتابوں سے حاصل مندرجہ ذیل معلومات سے سال 2015-16 اور سال 2016-17 کے لیے اِنونٹری ٹرن اور تناسب کا حساب لگائیے :

| | 2015-16 | 2016-17 |
|---|---|---|
| | ₹ | ₹ |
| 31 مارچ کی اِنونٹری | 7,00,000 | 17,00,000 |
| اعمال سے حاصل آمدنی | 50,00,000 | 75,00,000 |

(اعمال سے آمدنی کی لاگت پر مجموعی منافع 25% ہے)

سال 2015-16 میں اِنونٹری (اسٹاک) میں ₹2,00,000 کا اضافہ ہوا۔ *4*

23۔ 31.3.2017 کو جے۔وائی لمٹیڈ کے مندرجہ ذیل بیلنس شیٹ سے کیش فلو گوشوارہ تیار کیجیے: 6

**31.3.2017 کو جے وائی لمٹیڈ کی بیلنس شیٹ**

| | تفصیل | نوٹ نمبر | 31.3.2017 ₹ | 31.3.2016 ₹ |
|---|---|---|---|---|
| I - | اکوٹی اور دین داریاں : | | | |
| 1. | حصص داروں کی رقوم : | | | |
| | (a) حصص سرمایہ | | 5,00,000 | 5,00,000 |
| | (b) رِسیور اور سرپلس | 1 | 1,00,000 | (25,000) |
| 2. | نان کرنٹ دین داریاں : | | | |
| | طویل مدتی قرضے | 2 | 2,50,000 | 1,50,000 |
| 3. | کرنٹ دین داریاں : | | | |
| | (a) قلیل مدتی قرضے | 3 | 1,50,000 | 1,00,000 |
| | (b) قلیل مدتی مدیں | 4 | 2,00,000 | 1,25,000 |
| | میزان | | 12,00,000 | 8,50,000 |
| II - | اثاثے : | | | |
| 1. | نان کرنٹ اثاثے : | | | |
| | (a) قائم اثاثے : | | | |
| | (i) مادی | 5 | 6,00,000 | 4,50,000 |
| 2. | کرنٹ اثاثے : | | | |
| | (a) ٹریڈ Receivables | | 2,75,000 | 2,25,000 |
| | (b) نقد اور نقد کے مساوی چیزیں | | 1,25,000 | 75,000 |
| | (c) قلیل مدتی قرضے اور ایڈوانس | | 2,00,000 | 1,00,000 |
| | میزان | | 12,00,000 | 8,50,000 |

## حسابات سے متعلق وضاحتیں :

| نوٹ نمبر | تفصیل | 31.3.2017 ₹ | 31.3.2016 ₹ |
|---|---|---|---|
| 1. | **رزرو اور سرپلس :** | | |
| | (سرپلس یعنی گوشوارہ نفع ونقصان میں بقایا) | 1,00,000 | (25,000) |
| | | 1,00,000 | (25,000) |
| 2. | **طویل مدتی قرضے :** | | |
| | 10% ڈبنچرز | 2,50,000 | 1,50,000 |
| | | 2,50,000 | 1,50,000 |
| 3. | **قلیل مدتی قرضے :** | | |
| | بینک اوورڈرافٹ | 1,50,000 | 1,00,000 |
| | | 1,50,000 | 1,00,000 |
| 4. | **قلیل مدتی مدیں :** | | |
| | (i) مجوزہ ڈویڈنڈ | 75,000 | 50,000 |
| | (ii) ٹیکس کی مد | 1,25,000 | 75,000 |
| | | 2,00,000 | 1,25,000 |
| 5. | **مادی اثاثے :** | | |
| | مشینری | 7,37,500 | 5,25,000 |
| | جمع شدہ فرسودگی | (1,37,500) | (75,000) |
| | | 6,00,000 | 4,50,000 |

### اضافی معلومات :

₹1,00,000 کے 10% ڈبنچرز 31.3.2017 کو جاری کیے گئے تھے۔

## حصّہ - B

### (کمپیوٹرائزڈ اکاؤنٹنگ)

18۔ 'ذخیرہ شدہ' (Stored) اور 'حاصل شدہ' (Derived) کے مفہوم کی وضاحت کے لیے کوئی ایک مثال دیجیے۔ 1

19۔ کمپیوٹر کا استعمال کس طرح مسابقتی صلاحیت اور کاروباری افادیت کو بڑھاتا ہے ؟ 1

20۔ کمپیوٹرائزڈ اکاؤنٹنگ سسٹم کی چار حدود بتائیے۔ 4

21۔ اس قدر کا نام بتائیے جو اعداد و شمار کی عدم موجودگی کی نمائندگی کرتی ہے۔ اُن حالتوں کے بارے میں بھی بتائیے جن میں ان موادوں کے استعمال کی ضرورت پڑ سکتی ہے ۔ 4

22۔ ڈسک ٹاپ ڈیٹا بیس اور سرور ڈیٹا بیس میں امتیاز کیجیے۔ 4

23۔ اے۔ بی۔ سی لمٹیڈ دو شہروں، بنگلورو اور منگلورو میں اپنا کام کرتی ہے۔ بنگلورو میں ہاؤس رینٹ الاؤنس ₹5,000 اور منگلورو میں ₹4,000 ہے۔ مہنگائی بھتے کا حساب بیسک تنخواہ پر مندرجہ ذیل طریقے سے لگانا ہے :

بیسک تنخواہ کا 15% اگر بیسک تنخواہ لیے ₹15,000 سے کم ہے۔

بیسک تنخواہ کا 10% اگر بیسک تنخواہ لیے ₹15,000 سے زیادہ ہے۔

دنوں کی معیاری تعداد ایک مہینے میں 30 دن ہے۔

مندرجہ ذیل رقم کا حساب اکسیل کی مدد سے لگائیے :

(i) بنگلورو میں کام کرنے والے مسٹر مہیش کی مجموعی تنخواہ۔ مسٹر مہیش نے 3 دن کی بلا تنخواہ چھٹی لی ہے۔ اور اُن کی بیسک تنخواہ ₹25,000 ہے۔

(ii) منگلورو میں کام کرنے والے مسٹر رنجن کی مجموعی تنخواہ۔ مسٹر رنجن کی بیسک تنخواہ ₹14,000 ہے۔ 6